نیا لباس پہننے کے بعد یہ دعا پڑھی جائے

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِیْهِ اَسْئَلُكَ خَیْرَهٗ وَ خَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ۔

ترجمہ :

اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں جیسا کہ تو نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس مقصد کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور جس مقصد کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

سنن ترمذی کی حدیث مبارک میں ہے : عن أبي سعيد قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استجد ثوبا سماه باسمه عمامة أو قميصا أو رداء، ثم يقول: اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِیْهِ اَسْئَلُكَ خَیْرَهٗ وَ خَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ. ترجمہ : حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جب نیا کپڑا پہنتے تو اُس کا نام لیتے (مثلا یوں فرماتے) عمامہ یا قمیص یا چادر، پھر یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے۔ (سنن ترمذی، جلد3، صفحہ 367، رقم الحدیث : 1767، مطبوعہ دار الغرب الاسلامی، بیروت)

نئے کپڑے پہننے کے بعد پڑھی جانے والی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَ اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ

ترجمہ :

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لیے جس نے مجھے وہ (کپڑا) پہنایا کہ جس کے ذریعے میں اپنی شرم کی چیز (یعنی اپنا ستر) چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس کے ذریعے خوبصورتی حاصل کرتا ہوں۔ (سنن ابن ماجہ، جلد4، صفحہ 575، رقم الحدیث : 3557، مطبوعہ دار الرسالۃ العالمیہ)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net